Consumer and Worker Protection

**ہم 24/7 سروس پیش کرتے ہیں۔**

**آن لائن ہوں:**

**nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
اپنے لائسنس کی درخواست آن لائن جمع کرانے کے لیے ہدایات کی خاطر درخواست دیں پر کلک کریں۔

یا

**QR کوڈ اسکین کریں:**

# الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنس کی درخواست کی چیک لسٹ

**اگر آپ کا کاروبار فارمیسی کا ہے یا اس میں فارمیسی شامل ہے تو یہ درخواست جمع مت کروائیں۔**

NYC کا قانون فارمیسیز کو اور فارمیسیز پر مشتمل کاروباروں کو الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنسز حاصل کرنے ممنوع قرار دیتا ہے۔

*****اہم اطلاع: کمیونٹی ڈسٹرکٹ قیود*****

الیکٹرانک سگریٹ یے ریٹیل ڈیلر کے لائسنسز کے لیے کمیونٹی ڈسٹرکٹ کی قیود 26 اپریل 2018 کو لاگو ہو چکی ہیں۔ کمیونٹی ڈسٹرکٹ کی قیود کی فہرست اورہر کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں فعال لائسنسز کی تعداد کے لیے، NYC اوپن ڈیٹا (NYC Open Data) کو opendata.cityofnewyork.us پر ملاحظہ کریں اور "electronic cigarette dealer" (الیکٹرانک سگریٹ ڈیلر) تلاش کریں۔

**آپ یہ درخواست صرف اسی صورت میں جمع کروا سکتے ہیں کہ جب:**
*(* اور † کے لیےکلید صفحہ 2 پر دیکھیں)۔*

- لائسنسز آپ کے کمیونٹی ڈسٹرکٹ میں دستیاب ہوں۔*
- الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کے لائسنس والا کاروبار فروخت ہو گیا ہے، کسی نے کارپوریشن کے 10% یا زائد شیئر حاصل کر لیے ہیں، یا پارٹنرشپ میں تبدیلی آ گئی ہے۔ آپ (مراد نیا کاروبار) اس وقت تک، اسی جگہ پر نئے لائسنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں جب تک کہ اس پتہ پر مذکورہ "اصل وجود" میں حالیہ اور فعال لائسنس یافتہ ہوں اور *آپ فروخت یا تبدیلی کے 30 دنوں کے اندر نئے لائسنس کے لیے درخواست دے رہے ہوں*۔†
- آپ کا کاروبار ایسے مخصوص ہوائی اڈوں پر یا پارکوں میں واقع ہو جو کمیونٹی ڈسٹرکٹ قیود سے مشروط نہیں۔†
- آپ کے پاس آپ کے اخبار فروشی کے کھوکھے پر الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا ایک فعال لائسنس ہے اور دونوں لائسنسز ایک ہی کاروباری نام کے تحت رکھنا چاہتے ہیں۔†
- آپ اخبار فروشی کے کھوکھے کا لائسنس رکھتے ہیں جو گزشتہ لائسنس ہولڈر کی وفات یا معذوری کے بعد منتقل ہوا تھا اور اب اسی مقام پر الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس اپنے نام پر کروانا چاہتے ہیں۔ الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا موجودہ لائسنس اچھی حالت میں ہونا لازم ہے۔†

NYC Consumer and Worker Protection

| کلید: | |
|---|---|
| * | جب لائسنس دستیاب ہوں گے، تو DCWP ایک لاٹری کا اہتمام کرے گا۔ لاٹری کے لیے درخواست دینے کے عمل سمیت معلومات کے لیے nyc.gov/dcwp کی نگرانی کریں۔ |
| † | اگر آپ ان قیود پر استثنیٰ میں سے کسی ایک پر پورے اترتے ہیں، تو آپ کو الیکٹرانک سگریٹ ڈیلر کی قیود سے استثنیٰ کی سرٹیفیکیشن اور معاون دستاویزات پیش کرنا ہوں گی۔ مزید معلومات کے لیے لوازمات کا سیکشن دیکھیں۔ |

***نوٹ*: DCWP کسی بھی رہائی مقام پر آپریٹ کرنے کے لیے لائسنس جاری نہیں کرے گا۔**

کمیونٹی ڈسٹرکٹ کیپس کے بارے میں اپ ڈیٹس کے لیے nyc.gov/dcwp دیکھتے رہیں۔

## الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے؟

آپ کے پاس براہ راست صارفین کو الیکٹرانک سگریٹ فروخت کرنے کے لیے الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

الیکٹرانک سگریٹ بیٹری سے چلنے والی ایک ڈیوائس ہوتی ہےجو مائع، جیل، جڑی بوٹی، یا دیگر ممنوعات کو گرم کر کے دم کشی کے لیے بخارات ڈیلیور کرتی ہے، اس امر سے قطع نظر کہ آیا اس میں نکوٹین ہے۔ اس کے جزو کے کسی بھی حصے، جیسے سگریٹ یا ری فل، کو الیکٹرانک سگریٹ مانا جاتا ہے۔

یہ تفصیل صرف اس امر کی عمومی وضاحت کے لیے ہے کہ الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کا لائسنس کس کے پاس ہونا ضروری ہے۔

## لائسنس کے تقاضے

**محکمہ برائے صارف اور کارکن کا تحفظ (Department of Consumer and Worker Protection, DCWP) آپ کی درخواست مسترد کر دے گا اگر آپ مطلوبہ دستاویزات اور معلومات فراہم کرنے میں ناکام رہتے ہیں:**

- ☐ **بنیادی لائسنس کی درخواست**
- ☐ **سیلز ٹیکس کا شناختی نمبر یا درخواست کی تصدیق کا نمبر**
  سیلز ٹیکس وصول کرنے کی خاطر سرٹیفکیٹ آف اتھارٹی کے لیے درخواست دینے کے لیے، www.businessexpress.ny.gov ملاحظہ کریں۔
- ☐ **الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلر کی قید سے استثناء کی سند اور معاون دستاویزی شہادت، اگر قابل اطلاق ہو**
  فارم پر متعلقہ مستثنیات کے لیے درکار معاون دستاویزات فہرست شدہ ہیں۔ آپ معاون دستاویزات onlineappsdocs@dcwp.nyc.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔

  *نوٹ*: اگر آپ نےلاٹری کے لیے درخواست دی تھی اور درخواست دینے کے لیے ایک پیشکش وصول کی ہے، تو آپ کو یہ فارم جمع کروانے کی ضرورت نہیں۔
- ☐ **نیو یارک اسٹیٹ کا محکمہ برائے ٹیکس کاری اور مالیات کے بخارات والے پروڈکٹس کے ڈیلر کے لیے رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ**
  بخارات والے پروڈکٹس کے ڈیلر کے لیے رجسٹریشن کا سرٹیفکیٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.tax.ny.gov/bus/vpt ملاحظہ کریں۔

NYC Consumer and Worker Protection

☐ **کاروباری پتے کا ثبوت**
مندرجہ ذیل دستاویزات میں سے کسی ایک کی نقل جو یا تو کاروبار کے نام پر ہو یا اس فرد کے نام پر ہو جس کا نام لائسنس کی درخواست پر درج ہے:

- یوٹیلیٹی بل، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ ہو (جیسے، ٹیلیفون، گیس، بجلی، کیبل، یا پانی) یا
- حالیہ لیز یا وثیقہ یا
- حالیہ کرایہ یا رہن کا بل یا
- انشورنس دستاویز یا انشورنس بل جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو یا
- کسی بھی سرکاری ایجنسی کے ساتھ خط و کتابت جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو یا
- حالیہ (فعال) لائسنس یا پرمٹ یا شہری/ریاستی/وفاقی حکومت کی کسی ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ جس پر آپ کے کاروبار کا پتہ درج ہو یا
- بینک یا کریڈٹ کارڈ کا گوشوارہ، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ درج ہو
  **براہ کرم اکاؤنٹ کی معلومات درست کریں۔*

☐ **گھر کے پتے کا ثبوت**
لائسنس کی درخواست پر درج ہر ایک فرد کو اپنے نام پر مندرج، ذیل میں موجود دستاویزات میں سے کسی ایک کی نقل فراہم کرنا ہو گی:

- یوٹیلیٹی بل، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ ہو (جیسے، ٹیلیفون، گیس، بجلی، کیبل، یا پانی) یا
- کسی سرکاری ایجنسی کی طرف سے مراسلت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- موجودہ لیز یا وثیقہ یا
- بیمہ کی دستاویز یا بیمہ کا بل جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- سٹی/ریاستی/وفاقی حکمت سے جاری شدہ موجودہ (فعال) لائسنس یا پرمٹ یا سرٹیفکیٹ جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- کالج یا اسکول کی مراسلت جس پر گھر کا پتہ درج ہو یا
- حالیہ کرایہ یا رہن کا بل یا
- ڈرائیونگ لائسنس یا
- میونسپل ID کارڈ یا
- بینک یا کریڈٹ کارڈ کا گوشوارہ، جس پر پچھلے 90 دنوں کے اندر کی تاریخ درج ہو
  **براہ کرم اکاؤنٹ کی معلومات درست کریں۔*

*کسی ایسے فرد کے لیے جو کسی دوسرے شخص کے پتے پر رہتا ہو، فراہم کریں:*

- گھر کے پتے کا ایک ثبوت (اوپر دیکھیں) جس پر لیز پر دینے والے یا گھر کے مالک کا نام درج ہو اور
- ایک ایسا خط جس پر گھر کے مالک یا لیز پر دینے والے کے دستخط ہوں جس میں بتایا گیا ہو کہ وہ شخص اس پتے پر رہتا ہے

☐ **توثیق کرنے کا اختیار دینا**
اگر لائسنس درخواست دہندہ کے علاوہ کوئی شخص یہ درخواست تیار کرے اور جمع کرائے تو مطلوب ہے۔ درخواست دہندہ پر لائسنس کی درخواست اور سبھی متعلقہ فارموں پر دستخط کرنا لازم ہے۔

Consumer and Worker Protection

☐ **لائسنس فیس**

| **لائسنس کی مدت:**<br>2 سال | **اختتامی تاریخ:**<br>30 نومبر | **لائسنس کی فیس: $200 پورے 2 سالوں کے لیے** | |
|---|---|---|---|
| **اگر آپ اپنی درخواست ان تاریخوں کے بیچ دائر کرتے ہیں:** | | **آپ ادا کریں گے:** | **آپ کے لائسنس کی میعاد ختم ہوگی:** |
| 1 دسمبر سے 31 دسمبر تک کسی طاق سال میں | | $200 | طاق سال کی 30 نومبر |
| 1 جنوری سے 31 مئی تک کسی جفت سال میں | | $200 | طاق سال کی 30 نومبر |
| 1 جون سے 30 نومبر تک کسی جفت سال میں | | $150 | طاق سال کی 30 نومبر |
| 1 دسمبر سے 31 دسمبر تک کسی جفت سال میں | | $200 | جفت سال کی 30 نومبر |
| 1 جنوری سے 31 مئی تک کسی طاق سال میں | | $200 | جفت سال کی 30 نومبر |
| 1 جون سے 30 نومبر تک کسی طاق سال میں | | $150 | جفت سال کی 30 نومبر |

ادائیگی کریں بذریعہ:

☐ کریڈٹ کارڈ (صرف Visa، MasterCard، American Express، Discover Card)
*(آن لائن یا بذات خود)*
آپ سے ایک ناقابل واپسی 2% کنوینیئس فیس وصول کیا جائے گا۔

☐ eCheck (*آن لائن*)

☐ چیک یا منی آرڈر جو DCWP کو واجب الادا ہو (*بذات خود یا بذریعہ ڈاک*)

**بزنس سرٹیفکیٹ کے بارے میں اہم پیغام**

آپ کے کاروبار کی قانونی ساخت کی بنیاد پر آپ کے پاس ایک قابل اطلاق بزنس سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہے۔ یوں تو DCWP آپ کی درخواست کو پروسیس کرنے کے لیے آپ کے بزنس سرٹیفکیٹ کی جمع آوری کا تقاضا نہیں کرتا ہے، مگر DCWP نیو یارک سٹی کے انتظامی ضابطہ کے سیکشن 104-20 کے تحت اس دستاویز کا مطالبہ کر سکتا ہے۔

خود اپنے نام کے سوا کسی اور نام سے کام کرنے والے کلی پروپرائٹرز کے پاس بزنس/مفروضہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا لازم ہے۔

پارٹنرشپس کے پاس پارٹنرشپس سرٹیفکیٹ اور، اگر قابل اطلاق ہو تو، آپ کے کاروبار کے لیے ایک مفروضہ نام کا سرٹیفکیٹ ہونا لازم ہے۔

**Consumer and Worker Protection**

کارپوریشنز، لمیٹڈ پارٹنرشپس، لمیٹڈ لائبلیٹی کمپنیز، یا لمیٹڈ لائبلیٹی پارٹنرشپس کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کے ڈویژن آف کارپوریشنز کے پاس رجسٹرڈ ہونا اور فعال رہنا ضروری ہے۔ آپ اپنا اسٹیٹس www.dos.ny.gov/corps پر چیک کر سکتے ہیں۔

## سٹی یا ریاست کی اضافی پرمٹس/لائسنسز/کلیئرنسز جن کی آپ کو ضرورت پڑ سکتی ہے

سگریٹ یا تمباکو کے دیگر پروڈکٹس جیسے سگار، چبانے کا تمباکو، پائپ تمباکو، رول یور اون والا تمباکو (roll-your-own)، اسنس، بیڑی، نسوار، شیشا، یا قابل تحلیل تمباکو کے پروڈکٹس فروخت کرنے کے لیے آپ کے پاس *تمباکو کے ریٹیل ڈیلر* کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

## سوالات ہیں؟ ہم مدد کے لیے حاضر ہیں!

- **ای میل:** TobaccoUnit@dcwp.nyc.gov
- **فون:** 436-0406 (212). (پیر تا جمعہ 8 بجے صبح تا 4 بجے شام)

مفت ترجمانی کی خدمات آن سائٹ دستیاب ہیں۔ معذوری سے متعلق سہولت کی درخواست کرنے کے لیے، nyc.gov/dcwp ملاحظہ کریں اور "accommodations" (سہولت) ڈھونڈیں یا DCWP کے معذور امریکیوں سے متعلق ایکٹ (Americans with Disabilities Act, ADA) کے کوآرڈینیٹر: سے DCWPADACoordinator@dcwp.nyc.gov پر رابطہ کریں۔

## کے لیے اضافی وسائل الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلرز

- جو قوانین اور اصول آپ کے کاروبار کو متاثر کرتے ہیں ان کے لیے **nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- **معائنے کی چیک لسٹ کے لیے: الیکٹرانک سگریٹ کے ریٹیل ڈیلرز، nyc.gov/BusinessToolbox** ملاحظہ کریں۔
- آپ کا کاروبار کھولنے، اسے آپریٹ کرنے، اور بڑھانے میں مدد کی خاطر وسائل کے لیے، **nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔